وزیر اعظم کے اروناچل پردیش کے دورے پر چینی ایم ایف اے کے ترجمان کے تبصروں سے متعلق میڈیا کے سوالات پر سرکاری ترجمان کا جواب

12 مارچ، 2024

وزیر اعظم کے اروناچل پردیش کے دورہ پر چینی وزارت خارجہ کے ترجمان کے تبصروں کے بارے میں میڈیا کے سوالوں کے جواب میں حکومت کے ترجمان، جناب رندھیر جیسوال نے کہا:

"ہم وزیر اعظم کے دورہ اروناچل پردیش کے بارے میں چینی حکومت کے تبصروں کو مسترد کرتے ہیں۔ ہندوستانی رہنما ہندوستان کی دیگر ریاستوں کی طرح وقتاً فوقتاً اروناچل پردیش کا دورہ کرتے رہتے ہیں۔ ایسے دوروں یا ہندوستان کے ترقیاتی منصوبوں پر اعتراض کرنا کسی بھی طرح معقول نہیں ہے۔ مزید برآں یہ کہ اس سے ریاست اروناچل پردیش کی حقیقت تبدیل نہیں ہوگی، جیسی تھی وہ ہے اور ہمیشہ ہندوستان کا ایک جزو لاینفک بنا رہے گا۔ چینی فریق کو متعدد موقعوں پر اس مستقل موقف سے آگاہ کیا جا چکا ہے۔"

نئی دہلی
12مارچ، 2024